© rasailojaraid.com



اللہ کی طرف سے ھدایت پر قائم نہ ہو اور صراطِ مستقیم پر گامزن نہ ہو تو یہ شخص فوری زہرِ قاتل پلا دیتا ہے اور ایک ہی منہ سے متضاد باتیں کہنے میں بُری طرح پھنس جاتا ہے "میں نبی نہیں" ، "جو مجھے نبی نہیں مانتا وُہ شیطان سے ہے" "جو مجھے نبی کہتا ہے وُہ جھوٹا ہے"۔ آخر یہ کیا گفتگو ہے؟ کیا یہ معقول اور صحیح الفکر آدمی کی گفت گو ہے؟ اور کیا یہ نبوّت کا دعویدار نہیں؟

## مرزائیوں سے آخری بات :

ھم نے اپنی طرف سے اپنی عقل کے مطابق آپ کو سمجھانے کی بشری حجّت پوری کر دی ہے۔ مانیں نہ مانیں سمجھیں نہ سمجھیں یہ آپ کی مرضی ہے —!

ع : ہم نیک و بد جناب کو سمجھانے جائیں گے

★

---

## عقبیٰ کے مسافر — انا للہ وانا الیہ راجعون —

گزشتہ ماہ میں بہت سے احباب اللہ کو پیارے ہو گئے۔ عالمی مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی امیر حضرت محمد حسن چغتائی مدظلہ کے جواں سال پوتے آناً فاناً بیمار ہوئے اور چند روز میں آخرت کو سدھار گئے۔ گجرات میں ہمارے مخلص کارکن محمد اسلم صاحب اور محمد اصغر صاحب کی والدہ صاحبہ اور خالہ صاحبہ انتقال فرما گئیں، مدرسہ محمودیہ ناگڑیاں ضلع گجرات کے معاون جناب منظور کشمیری وفات پا گئے، اور محترم چودھری محمد فاضل صاحب کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں، چونڈہ میں احرار کے نوجوان مخلص کارکن محمد شاہد نقشبندی صاحب کے بھائی ایک حادثہ میں انتقال کر گئے۔

مجلس احرارِ اسلام تلہ گنگ کے قدیم کارکن اور صوفی عبدالرحمٰن اور ابومعاویہ عبدالرحیم کے والد حاجی غلام حسین انتقال کر گئے۔

مجلس احرارِ اسلام کے تمام اراکین و معاونین دعائے مغفرت اور ختم قرآن کریم کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائیں، درجات بلند فرمائیں اور لواحقین کو صبر عطا فرمائیں (آمین)

ادارہ نقیبِ ختمِ نبوّت اور تمام احرار ساتھی اس فطری غم میں آپ کے ساتھ شریک ہیں۔

---

## جلال پور پیروالہ میں

نقیبِ ختمِ نبوّت : کا تازہ شمارہ اور دیگر احرار لٹریچر مولانا عبدالرحمٰن جامی نقشبندی محلہ نقشبندیہ سے حاصل کریں

© rasailojaraid.com